2024-06-11

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1. اوڈیشہ میں BJP قانون ساز پارٹی کی آج اپنا لیڈر منتخب کرنے کے لیے بھوبھنیشور میں ایک میٹنگ ہوگی۔
2. مرکزی کابینہ نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ اضافی مکانات کی تعمیر کی منظوری دے دی ہے۔
3. مرکز نے ریاست کی مالی اور اقتصادی ترقی کو تیز کرنے میں مدد کے لیے ٹیکس منتقلی کے تحت ایک لاکھ 39 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم جاری کی ہے۔
4. بھارت نے مصر، ایران، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور ایتھوپیا کے برکس میں شامل ہونے کا خیر مقدم کیا ہے۔
5. اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے امریکہ کے مجوزہ اسرائیل-غزہ جنگ بندی سمجھوتے کو منصوبے دے دی ہے۔
6. اور کھیلوں میں:
7. بھارت کے گُلویر سنگھ نے امریکہ میں پورٹ لینڈ میں Track Festival High Performance Meet میں مردوں کی پانچ ہزار میٹر دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## Odisha BJP Meeting

اوڈیشہ میں BJP قانون ساز پارٹی کی آج اپنا لیڈر منتخب کرنے کے لیے بھوبھنیشور میں ایک میٹنگ ہوگی۔ مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو اِس عمل کی نگرانی کے لیے مرکزی مشاہدین کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ BJP کی قیادت والی سرکار کَل اوڈیشہ میں اپنا کام کاج سنبھالے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Prakash Dash

اوڈیشہ کے بی-جے-پی کے نومنتخبہ ارکانِ اسمبلی آج سہ پہر بھوبھنیشور کے پارٹی ہیڈ کوارٹر میں اپنا لیڈر منتخب کرنے کے لیے میٹنگ کریں گے، تاکہ ریاست کے اگلے وزیراعلیٰ کا انتخاب

کیا جا سکے۔ BJP کے پہلے وزیراعلیٰ اور وزراء کی کونسل کے بھوبھنیشور کے جنتا میدان میں کَل شام حلف لینے کا پروگرام ہے۔ مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو جنہیں نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب کے عمل کے لیے مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا گیا ہے، BJP قانون ساز ممبروں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے اور وزیراعلیٰ کے نام پر اتفاقِ رائے حاصل کریں گے۔ اوڈیشہ کے اگلے وزیراعلیٰ کے لیے بہت سے ناموں کے قیاس لگائے جا رہے ہیں جن میں سینئر پارٹی MLA سریش پجاری، کے وی سنگھ دیو، اور موہن چرن ماجھی کے نام شامل ہیں۔

اوڈیشہ سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

---------------------------------------------------------------

## Cabinet PM Awas-

مرکزی کابینہ نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ اضافی دیہی اور شہری مکانات کی تعمیر کو منظوری دے دی ہے۔ کَل نئی دلّی میں NDA کی نوتشکیل شدہ حکومت کی پہلی کابینہ میٹنگ میں اِس سلسلے میں فیصلہ کیاگیا۔ مرکزی حکومت 2015 سے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت کام کر رہی ہے جس کے تحت دیہاتوں اور شہروں کے اہل کنبوں کو بنیادی سہولیات کے ساتھ مکانات کی تعمیر کی خاطر مدد فراہم کی جاتی ہے۔ اِس اسکیم کے تحت گزشتہ 10 برس میں اہل غریب کنبوں کیلئے کُل چار کروڑ 21 لاکھ مکانات تعمیر کیے جاچکے ہیں۔

اِس اسکیم کے تحت تعمیر ہونے والے سبھی مکانات میں مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی دیگر اسکیموں کے فوائد کو اِن میں شامل کرتے ہوئے بیت الخلاء ، ایل پی جی کے کنکشن، بجلی، گھر کے کام کاج کیلئے نَل کے کنکشن جیسی دیگر بنیادی سہولتیں بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ x

## Tax Devolution

مرکز نے جون کے مہینے میں ریاستوں کیلئے ایک لاکھ 39 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی ٹیکس کی منتقلی کی ہے تاکہ ریاستوں کے اخراجات پورے کیے جاسکیں اور اقتصادی ترقی کو فروغ حاصل ہو۔ وزارت خارجہ نے کہاہے کہ اِس رقم سے ریاستی حکومتیں ترقی کو رفتار دے پائیں گی اور اپنے اخراجات پورے کر پائیں گی۔ اترپردیش کو سب سے زیادہ 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ملے ہیں، جس کے بعد بہار کو 14 ہزار کروڑ سے زیادہ، مدھیہ پردیش کو تقریباً گیارہ ہزار کروڑ روپے اور مغربی بنگال کو دس ہزار پانچ سو کروڑ روپے سے زیادہ موصول ہوئے ہیں۔ اِس قسط کے ساتھ ہی مرکز نے دس جون 2024 تک ریاستوں کو دو لاکھ اُناسی ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منتقل کی ہے۔

2024-25 کے عبوری بجٹ میں ریاستوں کیلئے تقریباً 12 لاکھ 30 ہزار کروڑ روپے کی رقم کی منتقلی کا التزام تھا۔ وزارت خزانہ نے یہ بھی کہاہے کہ جون 2024 کیلئے عام منتقلی کی رقم جاری کرنے کے علاوہ ایک اضافی قسط بھی جاری کی جائے گی۔ x

## Union Ministers Take Charge

نو تشکیل شدہ وزراء کی مرکزی کونسل کے مختلف مرکزی وزراء آج اپنے عہدے کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ اِن میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، وزیر صحت جگت پرکاش نڈّا، اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویا شامل ہیں۔ اِن کے ساتھ ساتھ ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ، بجلی کے محکمے کے وزیر منوہر لال، ثقافت کے محکمے کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو اور جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل بھی آج اپنا کام کاج سنبھالیں گے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ کَل شام مرکزی وزراء کے قلمدانوں کا اعلان کیا گیا تھا۔ **x**

## RSS Program

راشٹریہ سوئیم سیوک سَنگھ **RSS** کے سَرسَنگھ چالک ڈاکٹر موہن بھاگوت نے کہاہے کہ صحت مند جمہوریت کیلئے برسراقتدار اور اپوزیشن دونوں ہی پارٹیوں کی اہمیت ہے۔ انہوں نے کہاکہ سیاست، اتفاق رائے سے ہونی چاہیے۔ ڈاکٹر بھاگوت کَل ناگپور کے **Resimbhag** میں سَنگھ شِکشا وَرگ اور کاریہ کرتا وِکاس پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ملک کی گوناگونیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہاکہ کثرت میں وحدت ہماری شناخت ہے اور ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی جذبات کا احترام کرنا چاہیے۔ **x**

## NTA DG Neet

قومی جانچ ایجنسی **NTA** کے ڈائریکٹر جنرل سبودھ کمار سنگھ نے انڈر گریجویٹ **(NEET-UG)** کے تحت

**National Eligibility-Cum-Entrance Test**

کے خواہشمند طلبا کو یقین دلایا ہے کہ چھ امتحان مراکز سے ایک ہزار **563** امیدواروں کے نتائج کی پھر سے جانچ کیے جانے سے اُن کی درجہ بندی متاثر نہیں ہوگی۔ اِن طلبا کو انڈر گریجویٹ میڈیکل پروگراموں کے داخلے کے لیے منعقد **Neet-UG 2024** امتحان میں تلافی کے طور پر نمبر دیے گئے تھے۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں جناب سنگھ نے کہا کہ اِس معاملے کو دیکھنے کے لیے ایک چار رکنی اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جو ایک ہفتے کے اندر اندر اپنی سفارشات پیش کرے گی۔

**S/B- DG NTA SUBODH KUMAR**

## CBSE Clarification

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSEنے احتیاطی ایڈوائزی جاری کی ہے جس میں طلبا اور والدین پر زور دیا گیا ہے کہ وہ تعلیمی سال 2024-25 کیلئے نصاب، مطالعے سے متعلق مواد اور Sample Question Paper کے بارے میں غلط معلومات سے ہوشیار رہیں۔ x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Rev. BRICS New Members

بھارت نے مصر، ایران، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور اتھوپیا کے برکس میں شامل ہونے کا کھلے دل سے خیرمقدم کیا ہے۔ اِن ملکوں کے نمائندوں نے روس کی میزبانی میں اِس گروپ کی ایک اہم میٹنگ میں پہلی مرتبہ شرکت کی۔ 2023 میں برکس میں توسیع کیے جانے کے بعد جس کے تحت مصر، اتھوپیا، ایران، سعودی عرب اور یو اے ای باضاطہ ممبران کے طور پر اِس گروپ میں شامل ہوئے تھے، کَل Nizhny Novgorod میں برکس کے وزراء خارجہ کی پہلی وزارتی میٹنگ ہوئی۔

وزارت خارجہ میں اقتصادی امور سے متعلق سکریٹری Dammu Ravi نے برکس کی وزراء خارجہ کی میٹنگ میں بھارتی وفد کی قیادت کی۔

عام طور پر وزیرخارجہ ایسی میٹنگوں میں شرکت کرتے ہیں لیکن چونکہ کَل ہی ڈاکٹر ایس جے شنکر کو اتوار کو وزیراعظم نریندر مودی کی حلف برداری کی تقریب کے بعد ایک مرتبہ پھر وزیر خارجہ مقرر کیا گیا ہے لہٰذا وہ اِس میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے روس نہیں جاپائے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے اِس میٹنگ کو اہم قرار دیا اور برکس کے نئے ممبران کا خیر مقدم کیا۔

اِس دوران برکس ممالک کے وزراء خارجہ نے دنیا کے کئی حصوں میں جاری تنازعات سے متعلق اپنی تشویش کا اظہار کیا اور سفارتکاری، سب کی شمولیت والی بات چیت اور صلاح مشورے سے اِن کے پرامن حل کے اپنے عہد کو دوہرایا۔

وزراء نے مقبوضہ فلسطینی علاقے میں، خاص طور سے اسرائیلی فوجی کارروائی کے سبب غزہ میں جنگ کے دائرے میں غیرمعمولی اضافے کے نتیجے میں مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش ظاہر کی۔ x

## UN Gaza Cease Fire

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اسرائیل-غزہ جنگ بندی سے متعلق ایک منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اس منصوبے میں، مکمل جنگ بندی، حماس کے زیر حراست یرغمالیوں کی رہائی، ہلاک ہوگئے یرغمالیوں کی لاشیں واپس کرنے اور فلسطینی قیدیوں کے تبادلے سے متعلق

شرائط طے کی گئی ہیں۔ امریکہ سمیت سلامتی کونسل کے 15 میں سے 14 ارکان نے اس قرار داد کے حق میں ووٹ دیے۔ قرارداد میں کہاگیا ہے کہ اسرائیل نے جنگ بندی کی تجویز منظور کرلی ہے اور حماس پر زور دیا گیا ہے کہ وہ بھی اس پر راضی ہوجائے۔

امریکی قرار داد کے مسودے کے متن کے مطابق اس منصوبے کے تین مرحلے ہیں، منصوبے کا پہلا مرحلہ یرغمالیوں اور قیدیوں کے تبادلے، نیز قلیل مدتی جنگ بندی سے متعلق ہے، دوسرے مرحلے میں مخاصمت کا مستقل خاتمہ، نیز غزہ سے اسرائیلی فوجیوں کا مکمل انخلاء شامل ہے۔ تیسرے مرحلے میں غزہ پٹی کے طویل مدتی منظر نامے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے جس کے تحت غزہ کیلئے برسوں پر محیط تعمیر نو کا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ x

## Malawi VP Plane

Malawi میں، مالاوِی کے نائب صدر Saulos Chilima اور دیگر 9 افراد کو لے کر جا رہا ایک طیارہ لاپتہ ہو گیا ہے۔Malawi کے صدر Lazarus Chakwera کے دفتر کے ایک بیان کے مطابق کَل راجدھانی Lilongwe سے پرواز کرنے کے بعدMalawi دفاعی فورس کا یہ طیارہ Radar سے اوجھل ہو گیا تھا۔

اِس طیارہ پر 51 سالہ نائب صدر، انکی اہلیہ اور آٹھ دیگر افراد سوار تھے۔ اِس طیارے نے راجدھانی سے اڑان بھری تھی، لیکن پروگرام کے مطابق Mzuzu انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 45 منٹ کی اپنی اِس پرواز کے بعد لینڈنگ میں ناکام ہو گیا تھا۔ تلاش اور بچائو کی کارروائی جاری ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے بہار اور اترپردیش میں اگلے تین سے چار روز کے دوران گرمی کی شدید لہرکے تناظر میں ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔ جموں ڈویژن، پنجاب، ہماچل پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ کے کچھ حصوں میں اگلے پانچ روز کے دوران گرمی کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ شمالی بحیرۂ عرب گجرات اور مہاراشٹر کے کچھ حصوں میں اگلے دو روز کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید پیشقدمی کرنے کے لیے حالات سازگار ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور کرناٹک میں اگلے چار سے پانچ روز کے دوران شدید بارش، گرج چمک اور بجلی کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

## Amol Kale Demise

ممبئی کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر امول کالے کا کَل نیویارک میں حرکت قلب رُک جانے کے سبب انتقال ہوگیا۔ وہ اتوار کو Nassau County بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت اور پاکستان کے درمیان کرکٹ میچ دیکھنے کیلئے امریکہ گئے تھے اور اُن کے ساتھ MCA کے سکریٹری اَجِنکیا نائک اور اہم کاؤنسل کے ممبر سورج سامَت بھی تھے۔ ان کے انتقال سے کرکٹ شائقین کو صدمہ پہنچا ہے۔ x

## Adi LI

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO نے مئی میں سورج کی سطح سے اٹھنے والے Geomagnatic طوفان کے دوران Aditya LI سیٹیلائٹ میں نصب دوRemote Sensing آلات، Solar Ultra Violet Imagine Telescope, (SUIT). اور Visible Emission Line Coronagraph

نیز دیگر آلات نے خلا میں Lagrance Point سے یہ تصویریں لی ہیں۔ اسرو کی طرف سے جاری کی گئی ان تصویروں میں سورج کی سطح پر شمسی شعلوں کے ساتھ مقناطیسی طور پر فعال خطے واضح طور پر نظر آرہے ہیں۔ یہ تصاویر اسرو کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

## Athletic National

Athletics میں بھارت کے گُلوِیر سنگھ نے امریکہ کے شہرPortland میں Portland Track Festival High Performance Meet میں پانچ ہزار میٹر کی مردوں کی دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

ایشیائی کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے گُلویر سنگھ کَل پانچ ہزار میٹر کی مردوں کی دوڑ میں سب سے تیز دوڑنے والے بھارتی کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔

گُلویر سنگھ نے Avinash Sable کے قائم کیے گئے 13 منٹ 19 اعشاریہ 30 سیکنڈ کے پچھلے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 13 منٹ 18 اعشاریہ نو-دو سیکنڈس کے ریکارڈ وقت میں یہ کامیابی حاصل کی۔

اِس حصولیابی کے ساتھ گُلویر سنگھ نے اب دس ہزار میٹر اور پانچ ہزار میٹر دونوں ہی دوڑ میں قومی ریکارڈس اپنے نام کر لیے ہیں۔x

## India Qatar Football

فٹ بال میں، بھارتی مردوں کی ٹیم آج دوحہ میں FIFA ورلڈکپ 2026، اے۔ایف۔سی کوالیفائر کے دوسرے رائونڈ کے میچ میں ایشیائی چیمپئن قطر کا مقابلہ کرے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات نو بج کر 15 منٹ پر شروع ہوگا۔

کوالیفائرس میں تیسرے رائونڈ میں پہنچنے کے لیے بھارتی ٹیم کو گروپ A میں چوٹی کے دو مقام حاصل کرنے ہوں گے۔ ساتھ ہی اے۔ایف۔سی ورلڈ کپ کوالیفائرس کے تیسرے رائونڈ میں پہنچنے والی ٹیمیں سعودی عرب نے اے۔ایف۔سی ایشین کپ 2027 کے لیے خود بخود کوالیفائی کر جائیں گی۔

گول کیپر گُرپریت سنگھ سندھو اہم میچ میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے کیونکہ اسٹرائیکر Sunil Chhetri بین الاقوامی فٹ بال کو الوداع کہہ دیا ہے۔x

## Tennis Stuttgart Open

ٹینس میں بھارت کے **Yuki Bhambri** اور فرانس کے ان کے ساتھی کھلاڑی **Albano Olivetti** آج جرمنی میں **Stuttgart** اوپن ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

**Bhambri** اور **Olivetti** مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹرس میں نیوزی لینڈ کے مائیکل وِینس اور برطانیہ کے **Neal Skupski** کی دوسری سیڈ کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔x

## T-20 World Cup

مردوں کے **ICC** ٹی۔ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کَل رات امریکہ کے شہر نیویارک میں **Nassau** کائونٹی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے بنگلہ دیش کو چار رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے جنوبی افریقہ نے مقررہ 20 اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر 113 رن بنائے۔

113 رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے بنگلہ دیش کی ٹیم 20 اوورس میں سات وکٹ کے نقصان پر محض 109 رن ہی بنا سکی۔ آج نیویارک کے **Nassau** کائونٹی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں پاکستان کا مقابلہ کینیڈا سے ہوگا۔ x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...فہیم احمد

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم مودی کی نئی کابینہ میں قلمدان کی تقسیم کو اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ اور روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے، وزیراعظم مودی کی نئی کابینہ کے وزراء میں قلمدان تقسیم، اہم وزارتوں میں کوئی تبدیلی نہیں، راجناتھ سنگھ کو وزارت دفاع، امت شاہ کو داخلہ، نرملا سیتارمن کو خزانہ اور ایس جے شنکر کو وزارت خارجہ کی ذمہ داری۔ اخبار ملاپ لکھتا ہے، وزیراعظم مودی کا پہلا فیصلہ کسانوں کے نام، ملک کے کسانوں کو 20 ہزار کروڑ روپے کا تحفہ۔ مرکزی کابینہ کی پہلی میٹنگ میں 3 کروڑ مکانات بنانے کے فیصلے سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

اخبار ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے، سات ریاستوں کی 13 اسمبلی سیٹوں کیلئے ضمنی انتخابات 10 جولائی کو، اخبار انقلاب کی ایک اہم سرخی ہے، منی پور کے وزیراعلیٰ کی سکیورٹی ٹیم پر حملہ، دو فوجی زخمی۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں۔

* فرانس کے صدر کا ملک میں قبل از وقت انتخابات کرانے کا اعلان۔

* 24 گھنٹے کے دوران اسرائیلی حملے میں 40 فلسطینی ہلاک۔

* اسرائیل کی جنگی کابینہ کے اہم رکن بینی گینٹز حکومت سے مستعفی۔

* پاکستان میں کار بم دھماکے میں سات فوجی ہلاک۔ xx

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. اوڈیشہ میں BJP قانون ساز پارٹی کی آج اپنا لیڈر منتخب کرنے کے لیے بھوبھنیشور میں ایک میٹنگ ہوگی۔
2. مرکزی کابینہ نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ اضافی مکانات کی تعمیر کی منظوری دے دی ہے۔
3. مرکز نے ریاست کی مالی اور اقتصادی ترقی کو تیز کرنے میں مدد کے لیے ٹیکس منتقلی کے تحت ایک لاکھ 39 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم جاری کی ہے۔
4. بھارت نے مصر، ایران، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور ایتھوپیا کے برکس میں شامل ہونے کا خیر مقدم کیا ہے۔
5. اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے امریکہ کے مجوزہ اسرائیل-غزہ جنگ بندی سمجھوتے کو منصوبے دے دی ہے۔
6. اور کھیلوں میں: بھارت کے گُلویر سنگھ نے امریکہ میں پورٹ لینڈ میں Track Festival High Performance Meet میں مردوں کی پانچ ہزار میٹر دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------------------------